© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں جناب حکیم محمد اسحاق عابد مدنی صاحب کی ارسال کردہ چھ اصلاحی کتب کا ایک سیٹ ہے۔جن کے نام حسب ذیل ہیں:

۱۔ اصلاح معاشرہ

۲۔ نمازی بننے کا طریقہ

۳۔ گلشن مصطفیٰ کے مہکتے پھول

۴۔ خوشحال گھرانہ کیسے ہو؟

۵۔ کیا تقدیر بدل سکتی ہے؟

۶۔ شرک کیا ہے؟ مع بدعت کی حقیقت

یہ کتابیں جو حافظ حفیظ الرحمٰن قادری صاحب کی تصنیفات وتالیفات ہیں خوبصورت ٹائٹلز میں شائع ہوئی ہیں اور کارڈ بائنڈنگ میں ہیں......سو سے ڈیڑھ پونے دوسو صفحات پر مشتمل یہ کتب دینی تربیت کے حوالے سے عام لوگوں کے لئے مفید خیال کی جاتی ہیں۔خصوصا ایسے طلبہ جو میٹرک اور انٹر لیول کے ہوں انہیں ان کا کتب کا مطالعہ کرایا جانا چاہئے۔کتابیں مختلف بک اسٹالز اور کتب خانوں پر دستیاب ہیں۔خصوصا مسلم کتابوی دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور۔یونیک پرنٹرز مکہ مارکیٹ شاہ عالم لاہور۔کرمانوالہ بک شاپ دربار مارکیٹ لاہور۔

جناب حافظ محمد حفیظ الرحمٰن قادری صاحب سے یہ کتب درج ذیل پتہ سے براہ راست بھی طلب کی جاسکتی ہیں 138-A رحمانی روڈ۔مغل پورہ لاہور فون نمبر 0300-/0321-9461943

ایک اور تحفہ حضرت علامہ جمیل احمد نعیمی صاحب کے توسط سے ہمیں موصول ہوا وہ ایک

☆عام کی تخصیص نیت کے ساتھ دیانۃ مقبول ہوتی ہے نہ کہ قضاء☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انگلش بک کا ہے یہ کتاب پونے چار سو صفحات پر مشتمل ہے وانتہائی عمدہ طباعت و بین الاقوامی معیار کا گیٹ اپ اور مضبوط نفیس جلد جاذب نظر سرورق۔ مؤلف کتاب حضرت علامہ جمیل احمد نعیمی صاحب کی معیت وقیادت میں راقم الحروف کے آفس میں تشریف لائے اور کتاب پیش کی۔ مؤلف کا قیام اسٹیٹس میں ہے اور دینی کاموں کے حوالہ سے اپنی ایک شناخت رکھتے ہیں۔

کتاب کے مباحث ان نوجوانوں کے لئے بطور خاص مفید ہیں جو مغربی ممالک میں رہتے ہیں اور اسلام کے حوالہ سے مغرب کی پیدا کردہ غلط فہمیوں اور ڈس انفارمیشن کا شکار ہیں ۔مؤلف نے مغربی انداز ہی میں اسلام پر وارد کئے جانے والے سوالات کے جوابات دینے کی کوشش کی ہے۔کتاب کا مطالعہ جاری ہے مکمل مطالعہ کے بعد اس پر تفصیلی تبصرہ کسی آئندہ اشاعت میں کیا جائے گا۔

کتاب حاصل کرنے کے لئے درج ذیل ای میل پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

info@crescent-books.com


**WOULD YOU LIKE TO KNOW SOMETHING ABOUT ISLAM ?**

By : Mohammad M. Ahmed

Really a book that tells you everything about Islam being criticized in the western society.

The book that clears up the misconceptions and misunderstandings about Islam.

The book bridges the gap between Muslims & Non Muslims.

Published by: Crescent Book Inc. P.O.Box 786Wingdale NY 12594-1435 www.crescesnt-books.com

E.mail: info@crescent-books.com


☆ یقین شک کی وجہ سے زائل نہیں ہوتا ☆ (فقہی ضابطہ)

© rasailojaraid.com